گریجویٹی کی ادائیگی

کارکنان اور آجران کی راہنمائی کیلئے

گریجویٹی کیا ہے؟

گریجویٹی ایک مالی فائدہ ہے جو کارکن کو ملازمت کے اختتام پر دیا جاتا ہے۔ ہر وہ کارکن گریجویٹی کا حقدار ہوگا۔ ماسوائے درج ذیل حالات کے انضباطی کاروائی کے جس کے نتیجے میں فارغ کیا گیا ہو۔

(i) ملازم کو ادارے نے ملازمت سے برخواست کر دیا ہو۔

(ii) ملازم قصور وار ٹھہرائے جانے پر گریجویٹی کے حصول کا حقدار نہ ہوگا۔

(iii) ملازم کا دیگر تحفظات کے حصول کیلئے رضا کارانہ طور پر اس حق سے دستبردار ہو جانا۔

(iv) ملازم کا دوران ملازمت وفات پا جانا۔

کونسے کارکنان گریجویٹی کے حصول کے حق دار ہیں؟

انڈسٹریل اور کمرشل ایمپلائمنٹ (سٹینڈنگ آرڈرز) آرڈیننس 1968ء میں گریجویٹی کے اہل کارکن کی تعریف دی گئی ہے جس کے مطابق اہل کارکنان کو ''ورک مین'' کہا جاتا ہے۔ ورک مین سے مراد ہر ایسا شخص ہے جو کسی صنعتی یا کمرشل ادارے کو کوئی ماہرانہ یا عمومی نوعیت کا کام بعوض اجرت یا انعام کر رہا ہو۔

کونسے ادارے گریجویٹی ادا کرنے کے پابند ہیں؟

تمام کمرشل اور صنعتی ادارے جہاں 20 کارکنان (کمرشل ادارے کی صورت میں) اور 50 کارکنان (صنعتی ادارے کی صورت میں) کام کر رہے ہوں، گریجویٹی ادا کرنے کے پابند ہیں۔

کمرشل اداروں میں ایڈورٹائزنگ، کمشن، فارورڈنگ، فیکٹری کا کلیریکل ڈیپارٹمنٹ، جوائنٹ سٹاک کمپنی، انشورنس کمپنی، بروکر آفس یا سٹاک ایکسچینج، کلب، ہوٹل، سینما اور دیگر ادارے جہاں 20 یا 20 سے زیادہ کارکنان کام کر رہے ہوں، اور جنہیں سرکاری گزٹ میں نوٹیفیکیشن کے ذریعے ڈکلیر کیا گیا ہو، شامل ہیں۔ صنعتی اداروں میں فیکٹریاں، ریلوے (جو فیکٹری کے طور پر رجسٹرڈ ہوں)، کنسٹریکشن کمپنی، مرمت سے متعلقہ کام، زیورسازی، پیکنگ اور مینوفیکچرنگ سے متعلقہ دیگر ادارے شامل ہیں۔

اہلیت کے لئے عمر کی حد

گریجویٹی کے لئے کوئی شرط مقرر نہیں کی گئی۔ تاہم اس کے لئے کارکن کی کم سے کم عمر (14 سال) ہونا ضروری ہے۔

اہلیت کے لئے ملازمت کی مطلوبہ معیاد

گریجویٹی کے حصول کے لئے اہل ہونے کے لئے ضروری ہے کہ کارکن (ورک مین) اس ادارے میں ملازمت کے کم از کم 12 مہینے مکمل کر چکا ہو۔

کیا گریجویٹی سے دیگر مالیاتی فوائد پر کوئی اثر پڑتا ہے

کارکن کو لیبر کے تحت دیئے گئے دیگر فوائد مثلاً بونس، پروویڈنٹ فنڈ، کمپنسیشن، این کیشمنٹ رخصت کا حصول وغیرہ گریجویٹی سے متاثر نہیں ہوتے۔

گریجویٹی کو کیسے شمار کیا جائے؟

گریجویٹی کا تعین ملازمت کے خاتمے پر حاصل کی جانے والی اجرت اور ملازمت کی معیاد پر ہے۔
گریجویٹی کا شمار کرنے کے لئے اس کی ملازمت کے آخری مہینے میں حاصل ہونے والی اجرت یا piece-rated کام کی صورت میں پچھلے 12 ماہ اجرت کے مطابق کیا جاتا ہے۔

ملازمت کے ہر سال میں اجرت کے 30 دنوں کو بطور گریجویٹی شمار کیا جاتا ہے جو ورکر کو ملازمت کے خاتمے پر ادا کی جاتی ہے۔ملازمت کی ایک سال معیاد پوری ہونے کے بعد 6 ماہ سے زیادہ کی مدت پوری ہونے پر اسے ایک سال تصور کیا جاتا ہے۔جب کہ 6 ماہ سے کم مدت کی صورت میں اس دورانیہ کو شمار نہیں کیا جائے گا۔

گرایجویٹی کے تعین کے لئے مقررہ اجرت کیا ہے؟

گریجویٹی کی رقم کے تعین کے لئے ملازمت کے آخری مہینے میں وصول کی گئی زیادہ سے زیادہ اجرت بشمول تمام پے منٹس اور ریگولر الاؤنس کے حساب سے کیا جاتا ہے۔اجرت کے ساتھ ملنے والا ماہانہ کنوینس الاؤنس اور دیگر الاؤنسز بھی شامل ہوں گے۔عارضی سہولیات یا معمول کے علاوہ ادائیگیاں گریجویٹی کے تعین کے لئے اجرت میں شامل نہ ہوں گی۔

گریجویٹی کے تعین کے لئے مثال ذیل میں دی گئی ہے۔
کمپنی کو استعفیٰ دینے والے ایک ورکر کا سروس پروفائل نیچے دیا گیا ہے:

تاریخ جوائننگ:	1 جنوری، 2000
تاریخ استعفیٰ:	31 اگست، 2010
اگست، 2010 میں ادا کردہ اجرت کی شرح:	20,000 روپے
عارضی فلڈ ریلیف:	3,000
30 جون، 2010 کو ادا کردہ بونس:	30,000

گریجوٹی کے تعین کے لئے

آخری ایک مہینے کی وصول کردہ تنخواہ 20,000 ÷ دن = ایک دن کی اجرت
ایک دن کی اجرت × 30 دن = ایک سال کی گریجویٹی
ایک سال کی گریجوایٹی × ملازمت کا کل دورانیہ = کل شمار کردہ گریجویٹی
مندرجہ بالا حقائق کے مطابق:
ایک دن کی اجرت = 20,000 ÷ 26 دن = 769.23 روپے
ایک سال کی گریجویٹی = 769.23 × 30 = 23077 روپے
11 سال کی گریجویٹی = 23077 × 11 = 253,847 روپے

لہٰذا کارکن کو دی جانے والی گریجویٹی 253,847 روپے ہوگی۔جبکہ اس کی ملازمت کا کل دورانیہ 11 سال ہے جیسا کہ ملازمت کا دورانیہ 10 سال اور 8 ماہ ہے۔اور 6 ماہ سے زیادہ کے دورانیہ ایک سال تصور کیا جاتا ہے۔

گریجویٹی سے متعلقہ قوانین

انڈسٹریل اینڈ کمرشل ایمپلائمنٹ (سٹینڈنگ آرڈر) آرڈیننس،1968 کے تحت گریجویٹی کی شرائط وضوابط وضع کئے جاتے ہیں۔ دیگر قوانین جو گریجویٹی سے متعلق ذیل میں دیئے گئے ہیں۔

پے منٹ آف ویجزا یکٹ،1936

فیکٹریزا یکٹ،1934

شاپس اینڈ اسٹیبلشمنٹ آرڈیننس،1969

اس کے علاوہ مائن ورکرز، اخبارات کے ملازمین اور ٹرانسپورٹ ورکرز سے متعلقہ خصوصی قوانین بھی اہمیت کے حامل ہیں۔

ورکر کی وفات کی صورت میں گریجویٹی کون وصول کر سکتا ہے؟

اگر ایک ورکر ملازمت کے دوران وفات پا جائے تو گریجویٹی کی ادائیگی اس کے خاندان کے افراد کو کی جائے گی۔ اگر گریجویٹی کی عدم ادائیگی یا کم ادائیگی سے متعلقہ کوئی اختلاف ہو تو کمشنر ورک مین کمپنسیشن کورٹ میں متعلقہ قانون کے تحت دعویٰ کیا جا سکتا ہے۔ وفات پانے والے ورکر کا کوئی رشتہ دار مثال بیوی، نو عمر بیٹا، غیر شادی شدہ بیٹی یا بیوہ ماں اس کے لواحقین میں شامل ہیں۔

کلیم فائل کرنے کیلئے کیا طریقہ کار ہے؟

عموماً گریجویٹی کے حصول کے لئے ورکر اپنے ادارے کے مالک کو درخواست دیتا ہے۔ اگر گریجویٹی کی عدم ادائیگی یا کم ادائیگی سے متعلق کوئی اختلاف ہو تو کمشنر ورک مین کمپنسیشن کی کورٹ میں متعلقہ قانون کے تحت دعویٰ دائر کیا جا سکتا ہے۔ کمشنر ورک مین کمپنسیشن ڈائریکٹوریٹ آف لیبر کا ایک آفیسر ہے اور پنجاب کے تمام اضلاع کے ڈسٹرکٹ آفیسر لیبر کے ہر دفتر میں کم از کم ایک کمشنر تعینات کیا جاتا ہے۔

مزید معلومات کیلئے

ویب سائٹ : www.ciwce.org.pk

آپ لیبر قوانین سے متعلق آگاہی کیلئے کتابچے اور مواد ہماری ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں۔

شکایات اور معلومات

ٹال فری ہیلپ لائن 0800 33 888

یا اپنے ضلع میں ڈسٹرکٹ لیبر آفیسر سے رابطہ کریں

شائع کردہ

لیبر اویرنس سیل (LABOUR AWARENESS CELL)

ڈائریکٹوریٹ آف لیبر ویلفیئر، محکمہ محنت وانسانی وسائل، حکومت پنجاب

www.ciwce.org.pk
info@ciwce.org.pk

تالیف: سعید احمد اعوان، ڈائریکٹر IRI
عظیم شاکر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر IRI
ترجمہ: شوکت نیازی، پروگرام کوآرڈینیٹر
نظر ثانی: سید حسنات جاوید، جوائنٹ ڈائریکٹر لیبر

Design by: SHAHKAR 042-37539423, 0314-4093423